40 رُوحانی عِلاج مع طِبّی عِلاج

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا ابو بلال

محمد الیاس عطّار قادِری رَضَوی دامت برکاتہم العالیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

40 روحانی علاج مع طِبّی علاج

دُرُود شریف کی فضیلت

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب، طبیبوں کے طبیب صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ رحمت نشان ہے: جو مجھ پر شبِ جُمُعہ اور روزِ جُمُعہ (یعنی جمعرات کے غُروبِ آفتاب سے لے کر جُمُعہ کا سورج ڈوبنے تک) سو بار دُرُود شریف پڑھے **اللہ** تعالٰی اُس کی سو حاجتیں پوری فرمائے گا 70 آخرت کی اور 30 دنیا کی۔

(شُعَبُ الْاِیمان ج ۳ ص ۱۱۱ حدیث ۳۰۳۵)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

ہر وِرْد کے اوّل و آخِر ایک بار دُرُود شریف پڑھ لیجئے ، فائدہ ظاہِر نہ ہونے کی صورت میں شِکوہ کرنے کے بجائے اپنی کوتاہیوں کی شامت تصوُّر کیجئے ، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی حِکْمت پر نظر رکھئے ۔

﴿۱﴾ " **ھُوَاللّٰہُ الرَّحِیۡمُ** " جو ہر نماز کے بعد سات بار پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ شیطان کے شَر سے بچا رہے گا اور اُس کا ایمان پر خاتِمہ ہو گا۔

﴿۲﴾ " **یَااَللّٰہُ** " 100 بار سوتے وَقْت پڑھنے سے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ شیاطین کی شرارت و فالج اور لقوے کی آفت سے حِفاظت ہو گی۔

﴿۳﴾ " **یَامَلِکُ** " 90 بار جو غریب و نادار روزانہ پڑھا کرے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ غُربت سے نَجات پائے گا۔

﴿٤﴾ ''یَاقُدُّوْسُ'' کا جو کوئی دورانِ سفر وِرْد کرتا رہے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تھکن سے مَحفوظ رہے گا۔

﴿٥﴾ ''یَاسَلَامُ'' 111 بار پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ شِفا حاصِل ہوگی۔

﴿٦﴾ ''یَامُھَیْمِنُ'' 29 بار جو کوئی غَمزدَہ روزانہ پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کا غم دُور ہو، نیز اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آفتوں اور بلاؤں سے بھی مَحفوظ رہے۔

﴿٧﴾ ''یَاعَزِیْزُ'' 41 بار حاکم یا افسر وغیرہ کے پاس جانے سے قَبْل پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ وہ حاکم یا افسر مہربان ہوجائے گا۔

﴿٨﴾ ''یَامُتَکَبِّرُ'' 21 بار روزانہ پڑھ لیجئے، ڈراؤنے خواب

آتے ہوں گے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نہیں آئیں گے۔ (مُدّتِ عِلاج: تا حُصُولِ شِفا)

﴿۹﴾ ''یَا مُتَکَبِّرُ'' زوجہ سے ''مِلاپ'' سے قبل 10 بار پڑھ لینے والا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نیک بیٹے کا باپ بنے گا۔

﴿۱۰﴾ ''یَا بَارِئُ'' 10 بار جو کوئی ہر جُمُعہ کو پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس کو بیٹا عطا ہو گا۔

﴿۱۱﴾ ''یَا قَھَّارُ'' 100 بار اگر کوئی مُصیبت آ پڑے تو پڑھے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مُشکِل آسان ہو گی۔

﴿۱۲﴾ ''یَا وَھَّابُ'' سات بار جو روزانہ پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مُسْتَجَابُ الدَّعْوات ہو گا (یعنی اس کی دعائیں قبول ہُوا کریں گی)

﴿۱۳﴾ ''یَا فَتَّاحُ'' 70 بار جو روزانہ بعد نمازِ فَجْر دونوں

ہاتھ سینے پر رکھ کر پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس کے دل کا زنگ و میل دُور ہو گا۔

﴿١٤﴾ ''یَافَتَّاحُ'' سات بار جو روزانہ (کسی بھی وَقْت دن میں ایک مرتبہ) پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس کا دل روشن ہو گا۔

﴿١٥﴾ ''یَاقَابِضُ، یَابَاسِطُ'' 30 بار جو ہر روز پڑھا کرے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ دشمن پر فَتْح پائے گا۔

﴿١٦﴾ ''یَارَافِعُ'' 20 بار جو روزانہ پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس کی مُراد پوری ہو گی۔

﴿١٧﴾ ''یَابَصِیْرُ'' سات بار جو کوئی روزانہ بوقتِ عَصْر (یعنی ابتِدائے وَقْت عَصْر تا غُروبِ آفتاب کسی بھی وَقْت) پڑھ لیا

کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اچانک موت سے مَحفوظ رہے گا۔

﴿۱۸﴾ "یَاسَمِیْعُ" 100 بار جو روزانہ پڑھے اور اس دَوران گُفتگو نہ کرے اور پڑھ کر دعا مانگے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو مانگے گا پائے گا۔

﴿۱۹﴾ "یَاحَکِیْمُ" 80 بار جو روزانہ پانچوں نَمازوں کے بعد پڑھ لیا کرے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ کسی کا مُحتاج نہ ہو۔

﴿۲۰﴾ "یَاجَلِیْلُ" دس بار پڑھ کر جو اپنے مال وآسباب اور رقم وغیرہ پر دم کر دے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ چوری سے مَحفوظ رہے گا۔

﴿۲۱﴾ "یَاشَھِیْدُ" 21 بار، صُبْح (طُلُوعِ آفتاب سے پہلے پہلے) نافرمان بچّے یا بچّی کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی

طرف مُنہ کر کے جو پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کا وہ بچّہ یا بچّی نیک بنے۔

﴿۲۲﴾ "یَاوَکِیۡلُ" سات بار جو روزانہ عَصْر کے وَقْت پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آفتوں سے پناہ پائے۔

﴿۲۳﴾ "یَاحَمِیۡدُ" 90 بار، جس کی گندی باتوں کی عادت نہ جاتی ہو وہ پڑھ کر کسی خالی پیالے یا گلاس میں دم کر دے۔ حسبِ ضَرورت اُسی میں پانی پیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ فُحْش گوئی (یعنی بے حیائی کی باتوں) کی عادت نکل جائے گی۔

(ایک بار کا دم کیا ہوا گلاس برسوں تک چلا سکتے ہیں)

﴿۲۴﴾ "یَامُحۡصِیۡ" ایک ہزار بار، جو کوئی ہر شبِ جُمُعہ

(یعنی جُمعرات و جُمعہ کی درمیانی شب) پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ قَبْرو قِیامت کے عذاب سے مَحفوظ ہو۔

﴿۲۵﴾ ''یَامُحْیِیُ'' 7 بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیجئے، گیس ہو یا پیٹ یا کسی بھی جگہ دَرْد ہو یا کسی عُضْو کے ضائع ہو جانے کا خوف ہو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فائدہ ہوگا۔ (مُدّتِ علاج: تاحُصُولِ شِفا، روزانہ کم از کم ایک بار)

﴿۲۶﴾ ''یَامُحْیِیُ، یَامُمِیْتُ'' سات بار روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جادو اثر نہیں کرے گا۔

﴿۲۷﴾ ''یَاوَاجِدُ'' جو کوئی کھانا کھاتے وَقْت ہر نوالے پر پڑھا کریگا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ کھانا اُس کے پیٹ میں نُور ہوگا اور بیماری دُور ہوگی۔

﴿۲۸﴾ ''یَامَاجِدُ'' 10 بار پڑھ کر شربت وغیرہ پردم کر کے جو پی لیا کرے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ (سخت) بیمار نہ ہوگا۔

﴿۲۹﴾ ''یَاوَاحِدُ'' ایک ہزار ایک بار، جس کو اکیلے میں ڈر لگتا ہو، تنہائی میں پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس کے دل سے خوف جاتا رہے گا۔

﴿۳۰﴾ ''یَاقَادِرُ'' جو وُضو کے دَوران ہر عُضْو دھوتے ہوئے پڑھنے کا معمول بنا لے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دشمن اس کو اِغْوا نہیں کر سکے گا۔

﴿۳۱﴾ ''یَاقَادِرُ'' 41 بار، مُشکِل آپڑے تو پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آسانی ہو جائے گی۔

﴿۳۲﴾ ''یَامُقْتَدِرُ'' 20 بار، جو روزانہ پڑھ لیا کرے

گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ رَحْمتوں کے سائے میں رہے گا۔

﴿۳۳﴾ ''یَا مُقْتَدِرُ'' 20 بار، جو نیند سے بیدار ہو کر پڑھ لیا کرے گا اُس کے ہر کام میں مددِ الٰہی شامل رہے گی۔

﴿۳۴﴾ ''یَا اَوَّلُ'' 100 بار، جو روزانہ پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس کی زوجہ اُس سے مَحَبَّت کرے گی۔

﴿۳۵﴾ ''یَا مَانِعُ، یَا مُعْطِیْ'' 20 بار، بیوی ناراض ہو تو شوہر اور اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی سونے سے قبل بچھونے پر بیٹھ کر پڑھے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ صُلْح ہو جائے گی۔ (مُدّت: تا حُصُولِ مراد)

﴿۳۶﴾ ''یَا ظَاهِرُ'' گھر کی دیوار پر لکھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دیوار سلامت رہے گی۔

﴿۳۷﴾ ''یَارَءُوْفُ'' جو کسی مظلوم کا کسی ظالم سے پیچھا چُھڑانا چاہے، 10 بار پڑھے پھر اُس ظالم سے بات کرے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ ظالم اُس کی سِفارش قبول کرلے گا۔

﴿۳۸﴾ ''یَاغَنِیُّ'' ریڑھ کی ہڈّی، گھٹنوں، جوڑوں یا جِسْم میں کہیں بھی دَرْد ہو، چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہیے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دَرْد جاتا رہے گا۔

﴿۳۹﴾ ''یَامُغْنِیُ'' ایک بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے دَرْد کی جگہ پر ملنے سے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سکون ملے گا۔

﴿۴۰﴾ ''یَانَافِعُ'' 20 بار، جو کوئی کام شُروع کرنے سے قبل پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وہ کام اُس کی مرضی کے مُطابِق پورا ہوگا۔

15 طِبّی علاج

﴿١-٢﴾ بال لمبے کرنے کے دو نُسخے

❀ 250 گرام آملہ، 125 گرام سِکا کائی اور 125 گرام میتھی دانہ پیس کر محفوظ کر لیجئے۔ دو چمچ حسبِ ضَرورت پانی میں رات کو بھگو دیجئے، صُبح چھان کر سر دھو لیجئے، ہفتہ میں ایک بار یہ عمل کیجئے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بال گرنا بند ہوں گے اور بال لمبے ہونے بھی شُروع ہو جائیں گے ❀ آملے کا سُفُوف (پوڈر) بنوا لیجئے، حسبِ ضَرورت پوڈر میں پانی ملا کر گاڑھا سا لیپ بنا لیجئے، پھر اسے تمام بالوں کی جَڑوں میں لگا کر کچھ دیر بعد سر دھو لیجئے۔

﴿۳﴾ دانتوں کے دَرْد اور سُوجن کا طِبّی عِلاج

مَسُوڑھوں میں سُوجن ہو، خون یا پیپ نکلتا ہو تو تھوڑا سا گرم پانی لے کر اُس میں تھوڑی سی پِھٹکری ڈال دیجئے، پِھٹکری حل ہو جانے کے بعد وہ پانی دانتوں اور مَسُوڑھوں پر ملئے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ کافی فائدہ ہو گا۔

﴿٤_٥﴾ شوگر کا طِبّی علاج

❁ بڑی الائچی کے اندر سے دانے نکال کر روزانہ صُبْح و شام پانچ پانچ دانے چبالیا کریں، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جلد شِفا حاصِل ہو گی ❁ آملہ، جامن کے بیج اور کریلوں کے بیج یہ تینوں چیزیں ہم وَزْن لے کر ان کا سُفُوف (پوڈر) بنا لیجئے، ذِیابِیْطَس (DIABETES) کی عُمدہ دوا تیّار رہے، اِس سُفُوف کی ایک چھوٹی

چمچ دن میں ایک یا دو بار لینا مَرَض بڑھنے سے روکتا ہے۔

﴿٦﴾ ماہواری کے دَرْد کا طِبّی علاج

جس کو ماہواری (M.C.) کے دِنوں میں پیٹ اور کمر وغیرہ میں دَرْد ہوتا ہو، ناف میں تیل لگا لیا کرے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دَرْد سے چُھٹکارا مل جائے گا۔

﴿٧-٨﴾ دَسْت (لوز موشن) کے 2 طِبّی علاج

❁ آدھی چمچ چائے کی پتّی پانی سے پھانک لیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دَسْت خَتْم ہو جائیں گے۔ چھوٹے بچّوں کو ایک چُٹکی چائے کی پتّی پانی سے دینا ہی کافی ہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ان کو بھی فائدہ ہو جائے گا ❁ سبز پودِینہ دھوپ میں سُکھا کر، پیس کر اس کا پوڈر کسی بوتل میں مَحفوظ کر لیجئے۔ اگر کبھی دَسْت (لوز موشن) لگ

جائیں تو صُبح وشام آدھا چمچ پانی سے استِعمال کیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ معدے میں ٹھنڈک ہوجائے گی اور شِفا حاصِل ہوگی۔

﴿۹﴾ نکسیر بند کرنے کا طِبّی علاج

لیموں کا رس کپڑے میں چھان کر ڈراپر سے ناک میں قطرہ قطرہ ڈالئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ خون بند ہوجائے گا۔

﴿۱۰﴾ ناک بند ہونے کا طِبّی علاج

رات کو ناک بند ہوجائے اور سانس لینے میں رکاوٹ آتی ہو تو نیم کے تھوڑے سے تازہ پتّے صاف کرکے ان کو پانی میں چولہے پر جوش دے کر کھانے کا نمک حل کرکے قابلِ برداشت ہوجانے پر اُس پانی سے ناک دھوئیے اور دن میں دو بار اِسی سے غَرارے کیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ناک کُھل جائے گی۔

﴿۱۱_۱۲﴾ ہچکی کے دو چُٹکُلے

❁ کاغذ کی تھیلی یا پلاسٹک کا شاپر مُنہ اور ناک پر چڑھا کر ہاتھوں سے اس طرح دبا کر رکھئے کہ ناک اور مُنہ کی سانس کی ہوا باہَر نہ نکلنے پائے، اُسی شاپر کے اندر سانس لیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ ایک دو مِنَٹ کے اندر اندر ہچکی بند ہو جائے گی ❁ ایک چھوٹی الائچی اچّھی طرح چبا کر نگل لیجئے اور فوراً ٹھنڈے پانی کا ایک گلاس پی لیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہچکی بند ہو جائے گی۔

﴿۱۳ تا ۱۵﴾ مُنہ کی بدبُو کے تین طِبّی علاج

❁ کچی پیاز اور کچّا لہسن کھانے سے مُنہ میں بدبُو ہو جاتی ہے، ادرک کا ٹکڑا خوب چبا کر کھا لیجئے، اِسی طرح اجوائن یا، گڑ یا

سونف یا چند چھوٹی الائچیاں خوب چبا کر نگل لیجئے ، اِنْ شَآءَ اللّٰہ بدبُو خَتْم ہو جائے گی ❁ نیم کے 12 پتّے ایک گلاس پانی میں اچّھی طرح اُبال کر چھان لیجئے ، پانی کی گرمی کچھ کم ہونے پر اس سے غَرارے کیجئے ، یہ جراثیم کش ہے، اس کے باقاعِدہ استِعمال سے مُنہ کا اندرونی حصّہ صاف ہوتا اور مُنہ کی بدبُو دُور ہو جاتی ہے ❁ نیم گرم پانی میں نمک ملا کر غَرارے کیجئے ، نمک میں پائے جانے والے عناصر مُردہ خلیوں کو نکال کر مُنہ کی بدبُو دُور کرتے ہیں۔

یہ رِسالہ پڑھ کر دوسرے کو دے دیجئے

شادی غمی کی تقریبات ، اجتماعات ، اَعراس اور جلوسِ میلاد وغیرہ میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسائل اور مَدَنی پھولوں پر پمفلٹ تقسیم کر کے ثواب کمایئے ، گاہکوں کو بہ نیّتِ ثواب تحفے میں دینے کیلئے اپنی دُکانوں پر بھی رسائل رکھنے کا معمول بنایئے ، اخبار فروشوں یا بچّوں کے ذَریعے اپنے محلّے کے گھر گھر میں ماہانہ کم از کم ایک عدد سنّتوں بھرا رسالہ یا مَدَنی پھولوں کا پمفلٹ پہنچا کر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچایئے اور خوب ثواب کمایئے۔

غمِ مدینہ ، بقیع ، مغفرت اور بے حساب جنّتُ الفردوس میں آقا کے پڑوس کا طالب

١٧ رجب المرجب ١٤٣٥ھ
17-05-2014

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُنّت کی بہاریں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے مہکے مہکے مَدَ نی ماحول میں بکثرت سُنّتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں، ہر جُمعرات مغرب کی نَماز کے بعد آپ کے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں رِضائے الٰہی کیلئے اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات گزارنے کی مَدَنی اِلتجا ہے۔ عاشقانِ رسول کے **مَدَنی قافلوں** میں بہ نیّت ثواب سُنّتوں کی تربیّت کیلئے سفر اور روزانہ **فکرِ مدینہ** کے ذَرِیعے **مَدَنی اِنعامات** کا رسالہ پُر کر کے ہر مَدَنی ماہ کے ابتِدائی دس دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے ذِمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس کی بَرَکت سے پابندِ سنّت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور **ایمان کی حفاظت** کیلئے کُڑھنے کا ذِہن بنے گا۔

ہر اسلامی بھائی اپنا یہ ذِہن بنائے کہ **"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔"** اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنی اِصلاح کی کوشش کے لیے **"مَدَنی اِنعامات"** پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے **"مَدَنی قافلوں"** میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

ISBN 978-969-631-405-9
0125118

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: +923 111 25 26 92 Ext: 1284
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net